





# ہماری دُنیا
# کی
# تصویری اٹلس

www.KitaboSunnat.com







بسم اللہ الرحمن الرحیم

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب...عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com





# ھماری دُنیا
# کی
# تصویری اٹلس



www.KitaboSunnat.com

ملکیت حکومت پنجاب






محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# Key اشارات

Cardiff

Towns and cities.
شہر اور مشہور قصبے




قطب نما آپ کو مشرق، مغرب، شمال، جنوب کی سمتیں بتاتا ہے۔




Areas of high land.
بلندی والے علاقے



دنیا کے نقشے پر گلوب کسی ملک کا محلِ وقوع بتاتا ہے۔

Mt Logan

Mountain peaks.
پہاڑی چوٹیاں

0 50 100 150 km
0 20 40 60 80 100 miles

نقشے پر فاصلے سکیل کی مدد سے ظاہر کیے جاتے ہیں۔




Rivers.
دریا

Editor: Francesca Motisi
Designers: Robert and Jean Wheeler
Map Consultant: Neil Hadden

First published in 1992 by
Wayland (Publishers) Ltd
61 Western Road, Hove
East Sussex BN3 1JD

© Copyright 1992 Wayland (Publishers) Ltd
Second impression (with revision) 1993

British Library Cataloguing in Publication Data
Lace, John
Wayland Picture Atlas
I. Title II. Warne, Julie
III. Wheeler, Robert IV. Bull, Peter
912

ISBN 0-7502-0500-8

Typeset by Dorchester Typesetting Group Ltd
Printed by G. Canale and C.S.p.A., Turin, Italy

Cover photographs:
Top left: Boadicéa and Big Ben, London.
Bottom left: The Sydney Opera House, Australia.
Top right: The Golden Gate Bridge, San Francisco, USA.
Bottom right: The Taj Mahal, India.
Cover illustration: Peter Bull.
Title page photograph: The world from space.

Picture acknowledgements
The publishers would like to thank the following for allowing their photographs to be reproduced in this book: Bryan and Cherry Alexander 44 (above); Bruce Coleman Ltd 6 (Wedigo Ferchland), 8 below (Dicter and Mary Plage), 9 right (O. Langrand), 12 middle (Geoff Dore), 14 above (Michael Klinec), 14 below (Herbert Kranawetter), 16 top left (Francisco Marquez), 19 below (Jessica Ehlers), 25 above (Nicholas Devore), 25 below (Michael Freeman), 28 above (John Cancalosi), 29 below (Steven Kaufman), 30 below (L. C. Marigo), 31 (Dr Eckart Pott), 32 above (Peter Davey); Ecoscene 8 top right, 21 top (Corbett), 32 below (Gryniewicz); Eye Ubiquitous *front cover* top left (P. Thomson), top right (Nick Wiseman), bottom left (M. McKee), 8 top left (M. W. Powles), 9 left, 15 (Paul Prestidge), 18 (David Cumming), 22 above (Frank Leather), 23 below (Julia Waterlow), 27 below (L. Fordyce), 33 below; Liz Miller 8 top right; Francesca Motisi 33 above; Tony Stone Worldwide *title page*, 7; Wayland Picture Library *front cover* bottom right, 11 (both), 12 (above and below), 13, 16 (above right and below), 17, 24, 27 (above), 28 (left and below), 29 (both top), 30 (three above), 34, 35 (both), 36 (both), 37 (all), 38 (both), 39 (both), 40 (both), 41 (all), 42 (above), 43 (both); ZEFA 19 (above), 20 (both), 21 (below), 22 (below), 23 (above), 26, 42 (below), 44 (below).

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# فہرست


| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| براعظم اور سمندر | 4 |
| آب وہوا | 6 |
| نباتات | 8 |
| یورپ | 10 |
| بینی لکس ممالک | 11 |
| سلطنت متحدہ برطانیہ | 12 |
| فرانس | 14 |
| جرمنی | 16 |
| سپین اور پرتگال | 18 |
| اٹلی | 19 |
| سکینڈے نیویا اور بالٹک ریاستیں | 20 |
| وسطی اور مشرقی یورپ | 20 |
| کینیڈا | 24 |
| ریاست ہائے متحدہ امریکہ | 26 |
| جنوبی امریکہ | 28 |
| وسطی امریکہ اور جزائر کریبین | 30 |
| افریقہ | 32 |
| آزاد ریاستوں کی دولت مشترکہ | 34 |
| جنوبی ایشیا | 36 |
| پاکستان | 38 |
| صوبہ پنجاب | 39 |
| صوبہ سندھ | 40 |
| صوبہ سرحد | 41 |
| صوبہ بلوچستان | 42 |
| جنوب مغربی ایشیا | 43 |
| جنوب مشرقی ایشیا | 44 |
| مشرق بعید | 45 |
| آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ | 47 |
| قطب شمالی یا آرکٹک | 49 |
| دنیا کے بارے میں مختلف نظریات | 50 |
| دنیا کے بارے میں اہم معلومات | 51 |
| اشاریہ | 52 |






محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ


www.KitaboSunnat.com



# Continents and Oceans

# براعظم اور سمندر

ہماری دنیا پر خشکی کے بہت بڑے بڑے علاقے ہیں۔ خشکی کے ان بڑے علاقوں کو براعظم کہتے ہیں۔ دنیا کے سات بڑے براعظم ایشیا، یورپ، افریقہ، شمالی امریکہ، جنوبی امریکہ، آسٹریلیا اور انٹارکٹیکا ہیں۔




**اہم معلومات**

دنیا کا سب سے اونچا پہاڑ:
ماؤنٹ ایورسٹ، ایشیا، اونچائی 8,848 میٹر۔
دینا کی سب سے بڑی جھیل:
بحیرۂ کیسپیئن، ایشیا، رقبہ 438,695 مربع کلومیٹر۔
دنیا کا سب سے لمبا دریا:
دریائے نیل، افریقہ، لمبائی 6,670 کلومیٹر۔






محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہماری دنیا پر پانی کے بہت بڑے بڑے سمندروں کو بحر کہتے ہیں۔ دنیا کے پانچ بڑے بحر، بحر الکاہل، بحر ہند، بحر اوقیانوس، بحر آرکٹک (بحر منجمد شمالی) اور بحر منجمد جنوبی ہیں۔






ہماری دنیا گول ہے، لیکن اس صفحے پر دنیا کے نقشے کو سیدھا کر کے دکھایا گیا ہے۔




محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتب


www.KitaboSunnat.com



# Climate آب و ہوا

دنیا کے مختلف حصوں میں سارا سال موسم تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔ موسموں کی اس تبدیلی کو آب وہوا کہتے ہیں۔ دنیا کے کچھ علاقے سرد اور کچھ گرم ہیں لیکن براعظم یورپ کے ملک یونان میں گرمیوں کا موسم خشک اور گرم ہوتا ہے جب کہ سردیوں میں ٹھنڈا اور نمی سے بھرپور ہوتا ہے۔





گرین لینڈ انتہائی سرد علاقہ ہے۔

| اشارات | | Key |
| --- | --- | --- |
| قطبی علاقے | | Polar regions |
| ٹھنڈے علاقے | | Cold regions |
| ٹھنڈے معتدل علاقے | | Cold temperate regions |
| گرم معتدل علاقے | | Warm temperate regions |
| گرم علاقے | | Tropical regions |
| خشک علاقے | | Dry Regions |






محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



افریقہ کے ملک کینیا کی آب و ہوا گرم ہے۔ لیکن یہاں سال کے کچھ حصوں میں موسم خشک اور نمی والا (مرطوب) بھی ہوتا ہے۔ جبکہ آرکٹک کے ملک گرین لینڈ میں سارا سال آب و ہوا سرد اور برفانی رہتی ہے۔





یونان میں گرمیاں گرم اور خشک ہوتی ہیں اور موسم سرما سرد اور نمی والا ہوتا ہے۔






محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# Vegetation نباتات

گرم یا ٹھنڈے موسم کے لحاظ سے دنیا کے مختلف علاقوں میں مختلف پودے اور نباتات اُگتے ہیں۔ جیسا کہ برساتی جنگلات دنیا کے گرم اور نمی والے مرطوب علاقوں میں پائے جاتے ہیں جب کہ دنیا کے بہت سرد اور خشک علاقوں میں کائی (Moss)اور لائکن (Lichen) جیسے پودے ہی اگ پاتے ہیں۔



| اشارات | Key |
|---|---|
| برف اور ٹنڈرا | Ice and tundra |
| جنگل | Forest |
| گھاس والے علاقے | Grassland |
| برساتی جنگل | Rainforest |
| صحرا | Desert |



کینیا کے گھاس والے علاقے کا ایک منظر۔

بورنیو کے برساتی جنگلات کا ایک نظارہ۔







یہ ٹنڈرا کا ایک علاقہ ہے یہاں پر درخت نہیں اُگتے۔




محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دنیا کے کچھ علاقے پہاڑی ہیں اور کچھ میدانی۔ میدانی اور پہاڑی علاقوں کے پودے ایک دوسرے سے مختلف ہوتے ہیں۔



گرین لینڈ کا ایک برفانی منظر۔



افریقہ کے صحرائے صحارا کا ایک منظر۔





محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ


www.KitaboSunnat.com





یورپی کیمونٹی کا جھنڈا۔

# Europe یورپ




براعظم یورپ میں بہت سے ملک ہیں۔ ان میں سے کچھ ملکوں نے مل کر ایک یونین بنا لی ہے جسے یورپین کمیونٹی (EC) کہتے ہیں۔ اس کا صدر دفتر برسلز، بلجیئم میں ہے۔

## اہم معلومات

- سب سے اونچا پہاڑ : ماؤنٹ البرس، آزاد ملکوں کی دولت مشترکہ (CIS)
- سب سے لمبا دریا : وولگا، آزاد ملکوں کی دولت مشترکہ (CIS)
- زیادہ آبادی والا شہر : ماسکو، آزاد ملکوں کی دولت مشترکہ (CIS)
- زیادہ آبادی والا ملک : آزاد ملکوں کی دولت مشترکہ (CIS)
- یورپین کمیونٹی کے ممالک : بلجیئم، ڈنمارک، فرانس، جرمنی، یونان، آئر، لکسمبرگ، اٹلی، ہالینڈ، پرتگال، سپین اور برطانیہ



محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# The Benelux Countries بنی لکس ممالک

شمالی یورپ کے چند ملکوں کے علاقے میدانی اور سطح سمندر سے بھی نیچے ہیں۔ یہ ممالک بلجیئم، ہالینڈ اور لکسمبرگ ہیں۔ ان تین ملکوں کو بنی لکس ممالک بھی کہتے ہیں۔ ہالینڈ تو سطح سمندر سے کافی نیچے ہے۔ یہاں پر سمندر کا راستہ دیواریں (dykes) بنا کر روکا گیا ہے۔ بنی لکس ممالک جہاز رانی، صنعت اور تجارت کی وجہ سے بھی مشہور ہیں۔ یہاں کی بندرگاہیں یورپ کی بڑی بندرگاہوں میں شمار ہوتی ہیں۔









پنیر ہالینڈ کی اہم برآمدات میں سے ایک ہے۔



بلجیئم کی چاکلیٹ دنیا بھر میں فروخت ہوتی ہے۔



ہالینڈ میں ایسی ہوائی چکیاں عام ہیں۔

**اہم معلومات**

سب سے بڑا شہر : برسلز، بلجیئم
سب سے بڑا ملک : ہالینڈ
سب سے زیادہ آبادی والا ملک : ہالینڈ تقریباً



ہالینڈ کا جھنڈا۔



محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# The British Isles سلطنت متحدہ برطانیہ

سلطنت متحدہ برطانیہ دو بڑے جزیروں پر مشتمل ہے، ایک برطانیہ اور دوسرا آئرلینڈ۔ اس کے علاوہ چھوٹے چھوٹے جزیرے بھی برطانیہ کا حصہ ہیں مثلاً جزائر سلی، جزائر مان اور رودبار انگلستان کے جزائر۔ برطانیہ کے جزیرے میں تین صوبے انگلینڈ، ویلز اور سکاٹ لینڈ شامل ہیں۔ اس طرح سلطنت متحدہ برطانیہ انگلینڈ، ویلز، سکاٹ لینڈ، شمالی آئرلینڈ اور مختلف جزائر کے مجموعے پر مشتمل ہے۔



فصل کی کٹائی کا منظر۔




اہم معلومات

صوبہ : آئر
دارالحکومت : ڈبلن
بلندترین پہاڑ : کرنٹوہل
آبادی : 4 ملین تقریباً



بجو اور سیہہ برطانوی جزیروں کی جنگلی حیات کا اہم حصہ ہیں۔



مغربی سکاٹ لینڈ کی ایک جھیل۔



شمالی سمندر میں کئی برطانوی جزیرے تیل کی دولت سے مالا مال ہیں۔

اہم معلومات

صوبہ : ویلز
دارالحکومت : کارڈف
بلندترین پہاڑ : سنوڈان
آبادی : 3 ملین تقریباً



محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

**اہم معلومات**

صوبہ : سکاٹ لینڈ
دارالحکومت : ایڈن برگ
بلند ترین پہاڑ : بن نیوس
آبادی : 5 ملین تقریباً

**اہم معلومات**

صوبہ : شمالی آئرلینڈ
دارالحکومت : بلفاسٹ
بلند ترین پہاڑ : سلیو ڈون آرڈ
آبادی : 1.5 ملین تقریباً






لندن کی مشہور زمانہ
گھڑی بگ بین ۔

**اہم معلومات**

صوبہ : انگلینڈ
دارالحکومت : لندن
بلند ترین پہاڑ : سکا فل پائیک
آبادی : 48 ملین تقریباً



محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




# France فرانس

فرانس مغربی یورپ کا سب سے بڑا ملک ہے۔ یہاں پر تین مشہور پہاڑی سلسلے پائے جاتے ہیں۔ جن میں ایلپس (Alps) ، پیری نیس (Pyrenees)اور ماسیف سنٹرل(Massif Central) شامل ہیں۔ سردیوں میں یہاں پر لوگ سکی انگ (Skiing) اور پہاڑوں پر چڑھنے اور سیر و سیاحت کے لئے آتے ہیں۔

فرانس کے جنوب میں گرمیوں میں خوب گرمی پڑتی ہے اس لئے یورپ کے لوگ یہاں پر سردی سے بچ کر گرمی کا مزہ لینے آتے ہیں۔

کئی فصلوں کے علاوہ یہاں انگور کی فصل بھی خوب ہوتی ہے۔ فرانسیسی کھانے تو دنیا بھر میں مشہور ہیں۔



تیز رفتار(TGV) ریل گاڑی ۔



وادیٔ لو آر کا ایک محل ۔



وادیٔ لو آر ۔

**اہم معلومات**

دارالحکومت : پیرس
کرنسی : فرانک
سب سے لمبا دریا : لو آر
آبادی : 58 ملین تقریباً





آئفل ٹاور، پیرس ۔



محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ


www.KitaboSunnat.com











مارسے ایک اہم بندرگاہ ہے۔



محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com





# Germany جرمنی

جرمنی یورپ کا سب سے زیادہ آبادی والا ملک ہے۔1945 میں جرمنی دو حصوں میں تقسیم ہو گیا یعنی مشرقی جرمنی اور مغربی جرمنی۔ لیکن 1990 سے یہ دونوں پھر اکٹھے ہو گئے ہیں۔ جرمنی میں بہت سی صنعتیں ہیں لیکن یہاں کی کاریں دنیا بھر میں مشہور ہیں۔جرمنی کے بڑے دریاؤں میں باربرداری کے لئے خاص کشتیاں بارجز (Barges)استعمال ہوتی ہیں۔ دریائے رائن (Rhine) تو پانی کی موٹروے کی طرح ہے۔ جرمنی یورپ کا وہ واحد ملک ہے جہاں سب سے زیادہ موٹرویز موجود ہیں۔




کولون میں دریائے رائن کے کنارے کا ایک منظر۔



بریمن شہر میں گریم (Grimm) کی پریوں کی کہانی کا ایک کردار۔


**اہم معلومات**

دارالخلافہ : برلن
کرنسی : ڈوئچے مارک
لمبا دریا : دانیوب
آبادی : 82ملین تقریباً



دریائے رائن (Rhine) میں چلنے والی خاص کشتیاں بارجز (Barges)۔

دریائے ایلب۔






محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بی ایم ڈبلیو کار بنانے والی کار فیکٹری۔




ساسج (Sausage) اور
سارکات (خاص قسم کا اچار)
جرمنی کا مشہور کھانا ہے۔



محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# Spain and Portugal سپین اور پرتگال


سپین اور پرتگال یورپ کے جنوب مغرب میں واقع ہیں۔ یہ دونوں ملک آئبیرین پینسولا (Iberian Peninsulla) بناتے ہیں۔ ان دونوں ملکوں میں کئی اہم صنعتیں ہیں۔ مثلاً بلباؤ کے شہر میں لوہے اور سٹیل کی صنعت۔ یورپ میں سردی کی وجہ سے زیادہ تر یورپی لوگ سپین کے گرم اور خشک موسم میں چھٹیاں گزارنے آتے ہیں۔ 1992 میں اولمپک کھیلیں سپین میں منعقد ہوئی تھیں۔



پرتگالی جھنڈا۔



غرناطہ میں الحمراء کی عظیم الشان عمارت۔





**اہم معلومات**

ملک : سپین

دارالحکومت : میڈرڈ

کرنسی : پسیٹا

آبادی : 39 ملین تقریباً



پائیلا سپین کا ایک مشہور کھانا ہے۔



سپین کا جھنڈا۔



محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ


www.KitaboSunnat.com





# Italy اٹلی


اٹلی، شمال میں ایلپس کے پہاڑی سلسلے سے لے کر جنوب میں سسلی تک پھیلا ہوا ہے۔ یہاں کی کئی صنعتیں بہت مشہور ہیں۔ جیسا کہ فیشن کے ملبوسات کی صنعت۔ فیٹ اور فراری جیسی مشہور کاریں بھی اٹلی میں ہی بنائی جاتی ہیں۔ یہاں پر کھیتی باڑی بھی خوب ہوتی ہے۔







وینس کا سینٹ مارک چوک۔



اٹلی کا ایک مشہور کھانا پیسٹا ہے۔
پیسٹا کی کئی اقسام ہوتی ہیں۔



اٹلی میں بے شمار تاریخی عمارتیں ہیں۔ جیسا کہ روم کا کولوسیئم۔

### اہم معلومات

ملک : اٹلی
دارالحکومت : روم
کرنسی : لیرا
زیادہ لمبا دریا : پو
آبادی : 57 ملین تقریباً



محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# Scandinavia and the Baltic States

# سکینڈے نیویا اور بالٹک ریاستیں

پانچ ممالک کی سرزمین کو سکینڈے نیویا کہتے ہیں۔ یہ پانچ ممالک آئس لینڈ، فن لینڈ، ناروے، سویڈن اور ڈنمارک ہیں۔ یہاں پر سردیوں میں بہت سخت سردی پڑتی ہے۔ یہاں کا زیادہ تر حصہ پہاڑوں اور جنگلوں پر مشتمل ہے جہاں خوب برف پڑتی ہے۔ ناروے میں سمندر کے پانی نے کئی مقامات پر سطح زمین کے اندر اپنا راستہ بنا لیا ہے۔ سویڈن کے جنوب میں زراعت کے لئے اچھی زمین بھی موجود ہے۔ یہاں پر گندم اور چقندر کی فصل بہت اچھی ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ سویڈن اور ڈنمارک ڈیری فارمنگ کی وجہ سے بھی مشہور ہیں۔ سکینڈے نیویا اپنے قدرتی وسائل کی وجہ سے بھی مشہور ہے۔ مثلاً سویڈن کا خام لوہا اور شمالی سمندر میں گیس اور تیل کے ذخائر اور مچھلیاں وغیرہ۔



آئس لینڈ میں گرم پانی کا ایک چشمہ۔



سویڈن کے دارالحکومت سٹاک ہوم کا ایک نظارہ۔



شمالی سویڈن، ناروے اور فن لینڈ میں اب بھی لیپس (Lapps) لوگ رین ڈیئر سے ہل چلاتے ہیں۔

**اہم معلومات**


سب سے زیادہ اونچا پہاڑ : گالڈہو پگن ، ناروے
سب سے بڑا شہر : سٹاک ہوم، سویڈن
سب سے بڑا ملک : سویڈن
سب سے زیادہ آبادی والا ملک : سویڈن



محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فن لینڈ کا جھنڈا









ناروے میں گرینجر کے مقام پر دو چٹانوں کے درمیان میں پھیلا ہوا سمندر (Fiord)۔



ناروے کا جھنڈا۔



سویڈن کا جھنڈا۔






ڈنمارک کا جھنڈا۔



وائکنگ کا ایک بحری جہاز۔



قدیمہ۔



محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# Central and Eastern Europe

# وسطی اور مشرقی یورپ

وسطی اور مشرقی یورپ کے مشہور ملکوں میں ہنگری، پولینڈ اور یونان شامل ہیں۔ وسطی اور شمالی یورپ کا سب سے لمبا دریا دانیوب (Danube) یہاں سے ہی گزرتا ہے۔ یورپ کے اس حصے میں کئی تاریخی شہر واقع ہیں۔ مثلاً پولینڈ کا شہر وارسا، ہنگری کا شہر بڈاپیسٹ اور یونان کا شہر ایتھنز۔ پولینڈ میں کئی اہم معدنیات پائی جاتی ہیں جیسا کہ تانبا اور کوئلہ وغیرہ۔ اس کے علاوہ یہاں کی بحری جہاز سازی کی صنعت، لوہے اور سٹیل کی صنعتیں بھی بہت مشہور ہیں۔ یونان میں لوگ سیاحت کی غرض سے بھی آتے ہیں۔ یہاں پر بھی جہاز رانی کی صنعت اور انگور کی فصل بہت مشہور ہے۔



ہنگری کے شہر پراگ کا ایک چوک۔

**اہم معلومات**

سب سے بڑا دریا : دانیوب
سب سے بڑا شہر : بڈاپیسٹ، ہنگری
سب سے بڑا ملک : پولینڈ
سب سے زیادہ آبادی والا ملک : پولینڈ

دریائے دانیوب کے کنارے بڈاپیسٹ شہر کا ایک منظر۔




سب سے زیادہ او
سب سے بڑا شہر
سب سے بڑا ملک :
سب سے زیادہ آبادی والاملک :



محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ


www.KitaboSunnat.com



فن لینڈ کا جھنڈا




ناروے میں گرینجر کے مقام پر دو چٹانوں کے درمیان میں پھیلا ہوا سمندر (Fiord)۔




ناروے کا جھنڈا۔



سویڈن کا جھنڈا۔



ڈنمارک کا جھنڈا۔



وائکنگ کا ایک بحری جہاز۔



قدیمہ۔




محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# Canada کینیڈا

کینیڈا رقبے کے لحاظ سے دنیا کا دوسرا بڑا ملک ہے لیکن اس کی آبادی زیادہ نہیں ہے۔ کینیڈا کی زیادہ تر آبادی، مشرقی کینیڈا میں، عظیم جھیل (Great Lake) اور دریائے لارنس (St. Lawrance River) کے قریب آباد ہے۔ کینیڈا کے شمالی حصوں میں بہت سخت سردی اور برف باری ہوتی ہے۔ اسی لئے شمالی کینیڈا میں بہت کم لوگ رہتے ہیں۔



پریریز میں فصلوں کی کٹائی کا ایک منظر۔



وینکوور کے نزدیک مغربی ساحل پر ایک ٹمبر مل۔



ٹورنٹو کا سی این ٹاور۔

**اہم معلومات**

دارالحکومت : اوٹاوہ
کرنسی : کینیڈین ڈالر
سب سے اونچا پہاڑ : ماؤنٹ لوگان
سب سے بڑا شہر : ٹورانٹو
آبادی : 29 ملین تقریباً



محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دنیا کی مشہور اور خوب صورت آبشار نیاگرا فال (Niagra Fall) کے کچھ حصے کینیڈا ہی میں واقع ہیں۔ یہ ملک قدرتی مناظر اور وسائل سے مالا مال ہے۔ کینیڈا کے مغرب میں اونچے اونچے پتھریلے پہاڑ (Rocky Mountains) ہیں جبکہ وسطی کینیڈا کے میدانی علاقے زراعت کے لئے بہترین ہیں۔ ان علاقوں کو پریریز (Prairies) بھی کہا جاتا ہے۔ زراعت کے بعد معدنیات کی کان کنی، جنگلات لگانا اور مچھلیوں سے متعلقہ صنعتیں بھی کافی اہم ہیں۔




کیرابو۔

ایک برفانی ریچھ۔



محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ


www.KitaboSunnat.com



# The United States of America ریاست ہائے متحدہ امریکہ




نیو یارک شہر کا منظر۔



ہم برگر اور کوکا کولا۔



نیویارک شہر میں لبرٹی کا مجسمہ۔




خلائی شٹل۔

ریاست ہائے متحدہ امریکہ پچاس سے زائد ریاستوں پر مشتمل ہے۔ ان ریاستوں میں الاسکا اور جزیرہ ہوائی بھی شامل ہیں۔ نیویارک اور شکاگو امریکہ کے بڑے شہر ہیں، یہاں پر آسمانوں کو چھوتی ہوئی عمارتیں(Skyscrapers) ہیں۔ اونچی اونچی عمارتوں کی ایک وجہ شہروں میں زمین کا مہنگا ہونا ہے۔ بہت بڑا ملک ہونے کی وجہ سے یہاں پر مختلف موسم اور زرعی زمینیں ہیں۔ کپاس کی فصل کے لئے بہترین علاقے ٹیکساس، اریزون، نیو میکسیکو اور کیلیفورنیا ہیں۔ اسی طرح گندم اور مکئی کی فصلیں شمالی امریکہ کے میدانی علاقوں میں ہوتی ہیں۔

**اہم معلومات**

دارالحکومت: واشنگٹن ڈی سی
کرنسی: امریکن ڈالر
سب سے لمبا دریا: مسی سپی
آبادی: 263 ملین تقریباً



اریزونا کے گرینڈ کینئین۔




محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com





دریائے مسی سپی میں ایک سٹیمر۔



امریکہ کا جھنڈا۔

N.H. = NEW HAMPSHIRE نیوہیمپشائر
MASS. = MASSACHUSETTS میساچوسٹس
R.I = RHODE ISLAND رہوڈ آئی لینڈ
CONN. = CONNECTICUT کونیکٹیکٹ
DEL. = DELAWARE ڈیلاویئر







محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# South America جنوبی امریکہ

جنوبی امریکہ تیرہ ممالک پر مشتمل ہے۔ ان ممالک میں بلند و بالا پہاڑ، صحرا، گرم علاقے اور برساتی جنگلات پائے جاتے ہیں۔ جنوبی امریکہ کے بڑے بڑے شہر ساحلی علاقوں یا ساحلی علاقوں سے کچھ فاصلوں پر ہی موجود ہیں۔ زیادہ تر لوگ ان شہروں میں ہی آباد ہیں لیکن بہت سے لوگوں کا روزگار زراعت سے بھی منسلک ہے۔ کئی لوگوں کے پاس بڑی بڑی زرعی زمینیں ہیں۔ ان کو پلانٹیشن (Plantation) بھی کہتے ہیں۔ یہاں پر بہت سے لوگ کام کرتے ہیں۔ عام طور پر لوگوں کے پاس چھوٹی چھوٹی زرعی زمینیں ہیں جہاں وہ اپنی ضرورت کی چیزیں ہی اگاتے ہیں۔ جنوبی امریکہ میں کئی تاریخی آثار بھی پائے جاتے ہیں۔ مثلاً پیرو میں "انکا" تہذیب کے آثار۔




برازیل میں کافی کے کھیت اور تازہ کافی ۔



اینڈیز کے پہاڑوں میں پایا جانے والا جانور لاما۔

برازیل میں ایمیزون کا جنگل ۔





ایک جنگلی پرندہ مکاؤ ۔

اہم معلومات

سب سے اونچا پہاڑ: اکونکاگوا، ارجنٹائن

سب سے لمبا دریا: ایمیزون

سب سے بڑا جنگل: ایمیزون


سب سے بڑا شہر: ساؤپالو، برازیل

سب سے زیادہ آبادی والا ملک: برازیل




محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




ایک جیگوار -






برازیل کا ایک ساحلی شہر ریوڈی جینیرو -



پیرو میں قدیم "انکا" تہذیب کے آثار -




محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# Central America and the Caribbean وسطی امریکہ اور جزائر کیریبین


وسطی امریکہ، براعظم جنوبی امریکہ اور شمالی امریکہ کے درمیان میں واقع ہے۔ یہ خشکی کی ایک لمبی اور باریک پٹی ہے۔ وسطی امریکہ کے ایک طرف بحرالکاہل اور دوسری طرف بحراوقیانوس ہے۔ ان دونوں سمندروں کو ملانے کے لئے وسطی امریکہ کے ملک پانامہ میں ایک نہر کھودی گئی ہے۔ جس کا نام نہر پانامہ ہے۔



جمیکا میں پھلوں کی ایک دکان -


جزائر کیریبین کے ساحلی علاقے بہت خوبصورت ہیں۔






## اہم معلومات

سب سے بڑا آتش فشاں : پوپوکیٹے پیٹل
سب سے بڑا شہر : میکسیکو سٹی، میکسیکو
سب سے بڑا جزیرہ : کیوبا
سب سے زیادہ آبادی والا ملک : میکسیکو




نہر پانامہ میں سے گزرتا ہوا ایک بحری جہاز۔




محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میکسیکو کا جھنڈا۔

میکسیکو میں تیل کے ذخائر پائے جاتے ہیں۔ دنیا کا سب سے بڑا شہر، میکسیکو سٹی ہے۔ اس کے اردگرد بہت سی فیکٹریاں اور صنعتیں ہیں۔ یہاں پر تاریخی اہمیت کے بہت سے آثار بھی پائے جاتے ہیں۔ مثلاً مایا تہذیب کے آثار وغیرہ۔ جزائر کیریبین،وسطی امریکہ کے مشرقی ساحل سے کچھ فاصلے پر پائے جاتے ہیں۔ یہاں پر زیادہ تر لوگ زراعت پیشہ ہیں۔ یہاں کی مشہور فصلیں گنا اور ناریل ہیں۔







جنوبی میکسیکو میں مایا نسل کے بچے سکول میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔



میکسیکو میں تیل کا ایک کنواں۔



قدیم میکسیکو کا ایک قدیم مندر۔



میکسیکو کی ایک دوکان پر مرچوں کی تیس سے زائد اقسام فروخت کے لئے رکھی ہیں۔



محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# Africa افریقہ

براعظم افریقہ کئی بڑے بڑے ممالک پر مشتمل ہے۔ یہاں پر صحارا اور کالاہاری جیسے عظیم صحراؤں اور گرم علاقوں کے علاوہ برساتی جنگلات بھی موجود ہیں۔ یہ جنگلات خط استواء پر واقع ہیں۔ براعظم افریقہ کئی اہم معدنیات سے مالامال ہے۔ مثلاً نائجیریا اور لیبیا میں معدنی تیل، کانگو اور زیمبیامیں تانبا اور موریطانیہ میں معدنی لوہے کے ذخائر وغیرہ۔ براعظم افریقہ میں کئی بڑے بڑے شہر بھی ہیں جیسا کہ قاہرہ، لاگوس، نیروبی اور جوہنس برگ۔ یہاں کے زیادہ تر لوگ چھوٹے چھوٹے گروہوں اور قبیلوں میں رہتے ہیں اور کھیتی باڑی کرتے ہیں۔ براعظم افریقہ اپنی خوبصورت جنگلی حیات کی وجہ سے بہت مشہور ہے۔





سیاحت کینیا کی سب سے مشہور صنعت ہے۔

**اہم معلومات**

سب سے اونچا پہاڑ: کلمے منجارو
سب سے لمبا دریا: دریائے نیل
سب سے بڑا ملک: سوڈان
سب سے بڑا صحرا: صحارا
سب سے زیادہ آبادی والا ملک: نائجیریا

کینیا کے شہر نیروبی کا ایک منظر۔





روانڈا کے جنگلات میں پایا جانے والا گوریلا۔



ایک زیبرا۔




محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ


www.KitaboSunnat.com



کچھ لوگ صحراؤں میں اونٹوں پر سفر کرتے ہیں۔



مصر میں، اسوان کے مقام پر دریائے نیل کا ایک منظر۔




زمبابوے میں وکٹوریہ آبشار کا ایک منظر۔





محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




# Commonwealth of Independent States

# آزاد ریاستوں کی دولت مشترکہ

آزاد ریاستوں کی دولت مشترکہ کا دوسرا بڑا ملک یوکرائن ہے۔ اس کا دارالحکومت "کی ایو" ہے۔ جب کہ افغانستان اور چین کی سرحد کے ساتھ چھ مسلمان ممالک ہیں۔ ان مسلمان ممالک میں سب سے بڑا ملک قازقستان ہے۔



برفانی چیتا۔






آرکٹک میں رہنے والی والرس۔

سردیوں کے موسم میں قازقستان کا صحرا۔






محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ


www.KitaboSunnat.com



روسی گڑیاں ۔

وہ ممالک جو کبھی متحدہ روس کا حصہ تھے، اب روس کے ساتھ مل کر آزاد ریاستوں کی دولت مشترکہ بنا لی ہے۔ یہ ممالک پوری دنیا کے ساتویں حصہ پر پھیلے ہوئے ہیں۔ ان میں سب سے بڑا ملک روس ہے جس کی آبادی تقریباً145 ملین ہے۔ یہ اتنا بڑا ملک ہے کہ اس کی سرحدیں فن لینڈ سے الاسکا تک اور پھر بحر منجمد شمالی (بحر آرکٹک) سے چین تک پھیلی ہوئی ہیں۔ روس میں گیس اور معدنی تیل کے بہت بڑے ذخائر موجود ہیں۔ اس کے علاوہ زرعی زمینیں اور بہت سے دوسری اہم معدنیات اور خام مال وغیرہ بھی بہتات میں پائے جاتے ہیں۔






آزاد ملکوں کی دولت مشترکہ کے جنگلوں میں اب بھی جنگلی بھیڑیے پائے جاتے ہیں۔



ماسکو کا ایک چرچ۔



محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




# Southern Asia جنوبی ایشیاء

دنیا کی آبادی کا ایک چوتھائی حصہ جنوبی ایشیا میں آباد ہے۔ جنوبی ایشیا کا سب سے بڑا ملک بھارت ہے اور سب سے چھوٹا ملک بھوٹان۔ دنیا کا سب سے بلند ترین پہاڑی سلسلہ کوہ ہمالیہ بھی جنوبی ایشیا میں واقع ہے۔ کوہ ہمالیہ کے سلسلوں میں سے دو بڑے دریا نکلتے ہیں جو بہتے ہوئے میدانی علاقوں کی زرعی زمینوں کو سیراب کرتے ہیں۔

جنوبی ایشیا میں زیادہ تر لوگوں کا پیشہ زراعت ہے جبکہ یہاں کی اہم فصل چاول ہے۔ چاولوں کی فصل کے لئے زیادہ پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ مون سون کی بارشیں بھی پانی کی ضرورت کو پورا کرتی ہیں۔ جنوبی ایشیا میں سب سے زیادہ صنعتیں پاکستان اور بھارت میں ہیں۔ یہاں کی صنعتوں میں ٹیکسٹائل کی صنعت سرفہرست ہے۔ بھارت میں کوئلہ، خام لوہا اور تانبا بھی پایا جاتا ہے۔ جبکہ پاکستان میں جپسم، معدنی نمک، کوئلہ، تیل اور گیس کے علاوہ دیگر معدنی ذخائر بھی پائے جاتے ہیں۔ پاکستان اور بھارت اس علاقے کے اہم صنعتی ممالک ہیں۔




پاکستان کی ایک مسجد میں لوگ نماز ادا کر رہے ہیں۔



پاکستان میں سبزی کی ایک دکان۔



تاج محل، مغل شہنشاہ شاہ جہاں نے 1650 عیسوی میں بنوایا۔ اس کی تعمیر میں بیس 20 سال کا عرصہ لگا۔ یہ دراصل شاہ جہاں کی ملکہ ممتاز محل کا مقبرہ ہے۔ یہ دنیا کے عجوبوں میں سے ایک ہے۔



بھارت کے ایک بازار کا منظر۔



محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پاکستان کا جھنڈا۔



لاہور اسلام آباد موٹروے کا ایک منظر۔

## اہم معلومات


سب سے اونچا پہاڑ: ماؤنٹ ایورسٹ، نیپال اور چین کے درمیان

سب سے لمبا دریا: دریائے سندھ، پاکستان

سب سے بڑا شہر: کلکتہ، بھارت

سب سے بڑا ملک: بھارت


سب سے زیادہ آبادی والا ملک: بھارت






کوہ ہمالیہ کی ایک وادی۔

بھارت کے شہر امرتسر میں سکھوں کی عبادت گاہ، گولڈن ٹمپل۔



محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ


www.KitaboSunnat.com




پاکستان کا جھنڈا۔

# Pakistan پاکستان

پاکستان تاریخی اور جغرافیائی لحاظ سے ایک اہم اسلامی ملک ہے۔اس کے شمال میں قراقرم کا پہاڑی سلسلہ اور چین واقع ہیں جبکہ مشرق اور جنوب میں بھارت واقع ہے۔ پاکستان کے مغرب میں افغانستان اور ایران اور جنوب میں بحیرہ عرب واقع ہے۔ پاکستان میں وادیٔ سندھ موہنجوداڑو، مہرگڑھ، گندھارا، ٹیکسلا اور ہڑپہ جیسی قدیم تہذیبوں کے آثار بھی پائے جاتے ہیں۔ دنیا کی دوسری بڑی چوٹی کے۔ٹو، نواں بڑا صحرائے تھر اور دریائے سندھ جیسا عظیم دریا بھی پاکستان میں واقع ہے۔



دنیا کی دوسری بلندترین چوٹی کے ٹو۔




**اہم معلومات**

رقبہ: 796,100مربع کلومیٹر تقریباً

سب سے بڑا شہر: کراچی

سب سے لمبا دریا: دریائے سندھ (2900کلومیٹر تقریباً)

سب سے اونچاپہاڑ: کے ٹو (دنیا کی دوسری بلندترین چوٹی)

آبادی: 13کروڑ سے زائد

مسلمان آبادی: 97 فی صد

اقلیتیں: 3 فی صد



محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ


www.KitaboSunnat.com

# Punjab Province صوبہ پنجاب

پنجاب یعنی پانچ دریاؤں کی سرزمین، جس کا صدر مقام لاہور ہے جہاں قراردادِ پاکستان بھی منظور ہوئی۔ دریا، ریگستان، زرخیز زرعی زمینیں موجود ہیں۔ یہاں ہڑپہ اور ٹیکسلا کی قدیم تہذیبوں کے آثار بھی پائے جاتے ہیں۔ یہ مسلم، بدھ، ہندو اور سکھ مذاہب کی تاریخ کے لحاظ سے اہم علاقہ ہے۔ یہاں کئی زبانیں بولی جاتی ہیں۔ پنجاب کئی معدنیات اور قدرتی وسائل سے مالا مال ہے۔ اس کے علاوہ یہاں پر کئی صنعتیں بھی موجود ہیں۔ زرخیز زرعی زمینوں کی وجہ سے یہاں پر زرعی پیداوار بہت اچھی ہوتی ہے۔




مغلیہ دور کا شالامار باغ۔




مغل دور کی بادشاہی مسجد۔



موج گڑھ چولستان کا ایک گاؤں۔




**اہم معلومات**

رقبہ: 205344 مربع کلومیٹر

آبادی: 72.58 ملین تقریباً

صدر مقام: لاہور

اہم دریا: دریائے سندھ، جہلم، راوی، ستلج، چناب

اہم مقامات: لاہور، راولپنڈی، فیصل آباد، سیالکوٹ، گوجرانوالہ، ملتان، بہاولپور، رحیم یار خان



مینار پاکستان۔




محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ


www.KitaboSunnat.com

# Sind Province صوبہ سندھ


صوبہ سندھ قدیم تاریخی اور تہذیبی آثار کی سرزمین ہے جن میں موہنجوداڑو، ٹھٹھہ اور مکلی وغیرہ شامل ہیں۔ پاکستان کا اہم تجارتی مرکز، بندرگاہ اور مزار قائد بھی یہیں واقع ہے۔ کراچی میں کئی اہم صنعتیں بھی لگی ہوئی ہیں۔ صوبہ سندھ کئی قدرتی وسائل اور زرخیز زرعی زمین کی دولت سے بھی مالا مال ہے۔ پاکستان کا سب سے لمبا دریائے سندھ اور دنیا کا نواں بڑا صحرا تھر بھی سندھ میں ہی ہے۔




مزار قائداعظم کراچی ۔



کلفٹن کے ساحل پر اونٹ کی سواری ۔



موہنجوداڑو کی قدیم تہذیب کے آثار۔

اہم معلومات

رقبہ: 140914 مربع کلومیٹر تقریباً

آبادی: 29.99 ملین تقریباً

صدر مقام: کراچی


اہم مقامات: حیدر آباد، ٹھٹھہ، مکلی، موہنجوداڑو، سکھر، نواب شاہ لاڑکانہ،



محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# North West Frontier Province صوبہ سرحد



شاہراہ قراقرم (ریشم)۔

صوبہ سرحد میں بدھ اور گندھارا تہذیب کے قدیم تاریخی آثار کے علاوہ درۂ خیبر بھی موجود ہے۔ یہ علاقہ اپنے قدرتی حسن کی وجہ سے بہت مشہور ہے۔ اس کے علاوہ یہاں پر دنیا کا دوسرا بڑا ڈیم تربیلا ڈیم، شاہراہ ریشم (قراقرم) بھی موجود ہے۔ یہ صوبہ جنگلات، قدرتی وسائل، معدنیات اور قیمتی پتھروں کی دولت سے مالا مال ہے۔ یہاں کے لوگ محنتی اور مہمان نواز ہوتے ہیں۔ یہاں کے سکواش کے عالمی کھلاڑیوں نے پاکستان کا نام ہمیشہ بلند رکھا۔



وادیٔ کاغان میں جھیل سیف الملوک۔



باب خیبر۔






مہاتما بدھ کا مجسمہ۔

اہم معلومات

| | |
|---|---|
| رقبہ: | 74521 مربع کلومیٹر تقریباً |
| آبادی: | 17.54 ملین تقریباً |
| صدر مقام: | پشاور |
| اہم مقامات: | درۂ خیبر، سوات، بالاکوٹ، وادیٔ کاغان چترال، ایبٹ آباد، مردان، گدون وغیرہ |
| اہم دریا: | دریائے کابل، اباسین، کرم کنہار |
| اہم شاہراہ: | شاہراہ قراقرم (ریشم) |



محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# Balochistan Province صوبہ بلوچستان



زیارت کی رہائش گاہ جہاں قائداعظم نے بیماری کے دوران اپنا وقت گزارا۔


بلوچستان رقبہ کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے۔ یہاں کے مشہور ساحلی علاقوں میں مکران، گوادر اور پسنی وغیرہ شامل ہیں۔ یہاں پر مہرگڑھ کے مقام پر قدیم تہذیبوں کے آثار بھی پائے جاتے ہیں۔ یہاں کی اہم معدنیات اور قدرتی وسائل میں قدرتی گیس، کرومائٹ، جپسم، تانبہ اور کوئلہ وغیرہ شامل ہیں۔ زیارت کے قریب دنیا کا دوسرا بڑا جونیپور جنگل موجود ہے، جہاں 2000 سال پرانے درخت موجود ہیں۔ یہاں پر آب پاشی کے لئے کاریز کا نظام بھی موجود ہے۔




وادیٔ زیارت میں جانے والا ایک راستہ۔



حنا جھیل۔




### اہم معلومات

رقبہ: 3,47,190 مربع کلومیٹر تقریباً

آبادی: 6.5 ملین تقریباً

اہم دریا: دریائے بولان گومل، ژوب، ہنگولی، گورلک، حب، لیاری

صدر مقام: کوئٹہ

اہم مقامات: سوئی، زیارت، چاغی، گوادر، پسنی، پشین، مہرگڑھ



محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




# South-West Asia جنوب مغربی ایشیا

جنوب مغربی ایشیا دراصل تین براعظموں کے ملاپ کی سرزمین ہے۔ یہ تین براعظم، براعظم ایشیا، براعظم یورپ اور براعظم افریقہ ہیں۔ جنوب مغربی ایشیا کو مشرق وسطیٰ بھی کہتے ہیں۔ یہی وہ علاقہ ہے جہاں دریائے دجلہ اور فرات کے کنارے دنیا کی تاریخ میں پہلی مرتبہ کھیتی باڑی کا آغاز کیا گیا۔ یہاں کے صحراؤں کا درجہ حرارت بہت زیادہ ہوتا ہے۔ اس علاقے میں معدنی تیل کے وافر ذخائر موجود ہیں۔ یہی تیل پوری دنیا میں فروخت کیا جاتا ہے۔ مسلمانوں کے اہم ترین شہر مکہ اور مدینہ، سعودی عرب میں واقع ہیں۔ جب کہ یروشلم جیسا مقدس شہر بھی مشرق وسطیٰ میں ہی واقع ہے۔

**اہم معلومات**


سب سے بڑا شہر: تہران، ایران

سب سے بڑا ملک: سعودی عرب






سعودی عرب کا زیادہ تر علاقہ ریگستانی ہے۔



تیل کا کنواں



مکہ مکرمہ میں خانہ کعبہ۔




محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# South-East Asia جنوب مشرقی ایشیا



چمڑے کا خول نما کچھوا۔

جنوب مشرقی ایشیا ہزاروں چھوٹے چھوٹے جزائر پر مشتمل ہے۔ اس کا سب سے بڑا جزیرہ نیوگنی ہے۔ جبکہ فلپائن کئی چھوٹے چھوٹے جزائر پر مشتمل ہے۔ یہ علاقہ چونکہ خط استواء پر واقع ہے۔ اس لیے یہاں سارا سال گرمی بھی پڑتی ہے اور بارشیں بھی خوب ہوتی ہیں۔ یہاں کے زیادہ تر علاقوں میں جنگلات پائے جاتے ہیں۔ یہاں کی مشہور بندرگاہوں اور شہروں میں سنگاپور اور جکارتہ وغیرہ شامل ہیں۔ جنوب مشرقی ایشیا میں زیادہ تر لوگوں کا پیشہ ماہی گیری اور زراعت ہے۔


### اہم معلومات

سب سے لمبا دریا: می کانگ
سب سے بڑا شہر: جکارتہ
سب سے بڑاملک: انڈونیشیا
سب سے زیادہ آبادی والا ملک: انڈونیشیا






جزیرہ بالی میں چاولوں کے کھیت۔







محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

# The Far East مشرق بعید



مشرق بعید ایشیا کے مشرقی کنارے تک پھیلا ہوا ہے۔
مشرق بعید کے اہم ممالک میں چین اور جاپان شامل ہیں۔
چین دنیا کا سب سے زیادہ آبادی والا ملک ہے۔



دیوار چین۔



چین میں چونے کی چٹانوں کا علاقہ۔




**اہم معلومات**

سب سے لمبا دریا: چینگ جینگ، چین
اہم بندرگاہ: ٹوکیو، جاپان
سب سے بڑا ملک: چین
سب سے زیادہ آبادی والا ملک: چین



چائنیز زبان کے ہر لفظ کی مختلف شکل ہوتی ہے۔



چینی جھنڈا۔




محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ


www.KitaboSunnat.com

جاپان اپنی صنعتوں کی وجہ سے پوری دنیا میں مشہور ہے۔ جاپانی مصنوعات بہت مقبول ہوتی ہیں۔ اسی لئے یہ ساری دنیا میں منگوائی جاتی ہیں۔ ان مصنوعات میں ٹیلی وژن، کیمرے، بحری جہاز اور کاریں وغیرہ شامل ہیں۔

جاپان کے مغرب میں شمالی اور جنوبی کوریا واقع ہیں۔ شمالی اور جنوبی کوریا کبھی ایک ہی ملک ہوا کرتا تھا۔ جنوبی کوریا آج کے صنعتی ترقی یافتہ ملکوں میں شامل ہے۔


جاپان کا ایک مندر۔


جاپانی جھنڈا۔





جاپان کی بلٹ ٹرین۔

ہانگ کانگ شہر کا منظر۔


محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# Australia and New Zealand
# آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ




آسٹریلیا کا جھنڈا۔






کنگرو۔




برسبین شہر کا ایک منظر۔



### اہم معلومات

سب سے اونچا پہاڑ: ماؤنٹ کک، نیوزی لینڈ

سب سے لمبا دریا: مرے ڈارلنگ، آسٹریلیا

سب سے بڑا شہر: سڈنی، آسٹریلیا

سب سے زیادہ آبادی والا ملک: آسٹریلیا



محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

براعظم آسٹریلیا سب سے چھوٹا براعظم ہے۔ رقبے کے لحاظ سے اس کی آبادی بہت ہی کم ہے لیکن سڈنی اور ملبورن کے شہروں کی آبادی زیادہ ہے۔ یہ دونوں شہر جنوب مشرقی آسٹریلیا میں واقع ہیں۔ براعظم آسٹریلیا کا زیادہ تر حصہ صحرا پر مشتمل ہے۔ نیوزی لینڈ دو جزیروں (شمالی اور جنوبی جزائر) پر مشتمل ملک ہے۔

نیوزی لینڈ کے زیادہ تر لوگ شمالی جزیرے کے دو شہروں آک لینڈ اور ولنگٹن میں آباد ہیں۔

براعظم آسٹریلیا کے اصل باشندوں کو "ایب اوریجنز" (Aborigines) کہتے ہیں۔ جبکہ نیوزی لینڈ کے "اصل" باشندے ماؤری (Maori) کہلاتے ہیں۔



نیوزی لینڈ کے جنوبی جزیرے میں دو پہاڑوں کے درمیان میں پھیلے ہوئے سمندر کا ایک منظر۔



مغربی آسٹریلیا میں معدنی لوہے کی ایک کان۔



کوالا ریچھ اور اس کا بچہ۔






نیوزی لینڈ کا جھنڈا۔



شمالی علاقے کا آئرز راک۔



محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نیلی وہیل۔



# The Arctic قطب شمالی یا آرکٹک

دنیا کے عین شمالی حصے یعنی شمالی کو آرکٹک کہتے ہیں۔ آرکٹک کا زیادہ تر حصہ پانی پر مشتمل ہے لیکن یہاں پر درجہ حرارت اتنا کم ہوتا ہے کہ یہ پانی برف بن جاتا ہے۔ یہاں پر بسنے والے لوگوں کو "اینوٹ" (Inuit) کہتے ہیں۔ ان لوگوں کا گزارہ شکار پر ہوتا ہے۔ لیکن یہاں پر کہیں کہیں کھیتی باڑی بھی ہوتی ہے۔





# The Antartica قطب جنوبی یا انٹارکٹکا

انٹارکٹکا دنیا کا سرد ترین علاقہ ہے۔ دنیا کی زیادہ تر برف انٹارکٹکا میں ہی پائی جاتی ہے۔ یہ برف انٹارکٹکا کی سطح پر جمی ہوئی ہے۔ کئی مقامات پر برف کی تہہ 2.5 کلومیٹر تک گہری ہے۔ انٹارکٹکا پر کوئی انسانی آبادی نہیں ہے۔ لیکن کچھ سائنس دان سائنسی تحقیق کے لئے یہاں پر رہتے ہیں۔ غیر آباد اور بہت زیادہ سرد ہونے کی وجہ سے اس علاقے میں کوئی بھی چند سالوں سے زیادہ نہیں ٹھہر سکتا۔



اینوٹ بچے برف میں کھیل رہے ہیں

ایک سائنس دان اور پینگوئن انٹارکٹکا میں۔








پولر برفانی ریچھ۔






محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com





# Different views of the world
# دنیا کے بارے میں مختلف نظریات

دنیا ایک گلوب یا گیند کی مانند ہے۔ گول ہونے کی وجہ سے دنیا کا نقشہ صفحے جیسی ہموار سطح پر بنانا بہت مشکل ہے۔
آیئے اسے ایک مثال سے سمجھتے ہیں۔ ایک مالٹے پر ایک تصویر بنائیں۔
اب مالٹے کا چھلکا احتیاط سے اتار لیں اور ان چھلکوں کو میز پر رکھ کر دوبارہ جوڑیں تا کہ تصویر مکمل ہو جائے۔ آپ دیکھیں گے کہ تصویر ویسی نہیں جیسا کہ مالٹے پر تھی۔ اسی طرح گول دنیا کے نقشے کو کسی صفحے پر بنانے سے ہوتا ہے۔
نقشے بنانے والے مختلف انداز اور ضرورتوں کے تحت دنیا کے نقشے بناتے ہیں ان کو "پروجیکشنز" (Projections) کہتے ہیں۔ لیکن ایسا کرنے سے زمین کے نقشوں کی شکل کچھ نہ کچھ بدل جاتی ہے۔




مالٹے کو چھیلنا





1569ء میں مرکیٹر (Mercator's) پروجیکشن



1977ء میں پیٹر (Peter) کی بنائی ہوئی دنیا کے نقشے کی پروجیکشن

دنیا کے نقشے کو بہترین انداز میں دیکھنے اور سمجھنے کے لئے ہمیشہ گلوب ہی بہتر ہوتا ہے لیکن اسے ہر جگہ لے جانا مشکل ہوتا ہے۔
اسی مشکل کے پیش نظر ہم کتابی صورت میں دنیا کے نقشے کی اٹلس بناتے ہیں۔ اس اٹلس کو ہر جگہ لے جانا آسان ہوتا ہے۔



محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

## دنیا کے دس بڑے سمندر

1۔ بحرالکاہل
2۔ بحراوقیانوس
3۔ بحرہند
4۔ بحر منجمد شمالی (بحر آرکٹک)
5۔ بحیرہ عرب
6۔ بحیرہ جنوبی چین
7۔ بحیرہ کیریبیئن
8۔ بحیرہ روم
9۔ بحیرہ بیرنگ
10۔ خلیج بنگال

## دنیا کی بلند ترین چوٹیاں

1۔ ماؤنٹ ایورسٹ، نیپال(8,850 میٹر)
2۔ کے۔ٹو، پاکستان (8,611 میٹر)
3۔ کنچن چنگا، نیپال(8,586 میٹر)
4۔ لہوتسے، نیپال(8,501 میٹر)
5۔ مکالو، نیپال(8,462 میٹر)
6۔ چواویو، نیپال (8,201 میٹر)
7۔ دھولا گری، نیپال(8,167 میٹر)
8۔ مناسلو، نیپال(8,156 میٹر)
9۔ نانگا پربت، پاکستان(8,125 میٹر)
10۔ گیشابروم اول، پاکستان(8,068 میٹر)
11۔ بروڈ پیک، پاکستان(8,047 میٹر)
12۔ گیشابروم دوم، پاکستان(8,035 میٹر)

## دنیا کے لمبے ترین دریا

1۔ دریائے نیل، مصر/افریقہ(6,650 کلومیٹر)
2۔ دریائے ایمیزون، جنوبی امریکہ(6,577 کلومیٹر)
3۔ دریائے مسی سپی، شمالی امریکہ(5,971 کلومیٹر)
4۔ دریائے یانگ زی، چین(5,500 کلومیٹر)
5۔ دریائے یانسے، چین/ایشیا(5,500 کلومیٹر)
6۔ دریائے کانگو، (زائر)/افریقہ(4,700 کلومیٹر)
7۔ دریائے ہوانگ ہی، چین/ایشیا(4,700 کلومیٹر)
8۔ دریائے لینا، روس/ایشیا(4,400 کلومیٹر)
9۔ دریائے می کانگ، چین/ایشیا(4,350 کلومیٹر)
10۔ دریائے آمور، روس/ایشیا(4,300 کلومیٹر)

## دنیا کے عظیم ترین صحرا

1۔ صحرائے صحارا
2۔ صحرائے گوبی
3۔ صحرائے آسٹریلیا
4۔ صحرائے کالاہاری
5۔ صحرائے عرب
6۔ صحرائے ترکستان
7۔ صحرائے تکلامکان
8۔ صحرائے نمیبیا
9۔ صحرائے سونوران اور صحرائے تھر
10۔ صحرائے صومالی

Source:
1 Peakworld Mountain Encyclopedia
2 Compton's Encyclopedia
3 Internet informations



محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# اشاریہ


اٹلس 50
اسوان 33
اولمپک کھیلیں 18
انکا تہذیب 29,28
ایب اور جینجز 48
ایتھنز 23
ایران 43,38
اینوٹ 49
آب وہوا 7,6
آئر 13,12,10
آئرز راک 48
آئس لینڈ 21,20,10
برسبین 47
برف باری 24
بگ بین 13
بلباؤ 18
بندرگاہ 44,40,23,15,11
بھارت 37,36
بھوٹان 37,36
پار تھینین 23
پاکستان 41,39,38,37,36
پانامہ 30
پروجیکشنز 50
پو 19
پیسٹا 19
پینگوئن 49
تاج محل 36
تبت 46, 43
جاپان 46,45
جکارتہ 44
چین 51,46,45
حنا جھیل 42
خانہ کعبہ 43
دیوار چین 45,38
ریاض 43
زراعت 36,31
زمبابوے 33
زیارت 42
سسلی 19
سکواش 41
سنگاپور 44
سی این ٹاور 24
شالامار باغ 39
صحارا 33,32
صحرائے تھر 51,40,38
عراق 43
غرناطہ 18
فراری 19
فیئٹ 19
قازقستان 34
قاہرہ 32
قدیم تاریخی آثار 42,41,38,29,28
کاریز 42
کاغان 41
کائی 8
کوالا ریچھ 48
کولوسیئم 19
گوریلا 32
گولڈن ٹمپل 37
لاما 28
لبرٹی کا مجسمہ 26
مارسے 15
ماؤری 48
مسی سپی 20
ممتاز محل 36
مینار پاکستان 39
نیپال 51,37
نیلی وہیل 49
نیو گنی 44
وکٹوریہ آبشار 33
وینس 19
ہالینڈ 11
ہانگ کانگ 45
یروشلم 43
یورپین کمیونٹی 10


محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

# ملکیت حکومتِ پنجاب



ورلڈ سیریز

# ہماری دُنیا
# کی
# تصویری اٹلس

ہر بچے اور بڑے کو دُنیا کے بارے میں نت نئی معلومات حاصل کرنے کا شوق ہوتا ہے۔ بچے خصوصاً اس بارے میں بہت پر تجسس ہوتے ہیں کہ دُنیا کے مختلف ممالک اور ان کے باشندوں کا رہن سہن کیسا ہے؟

دنیا کے ان ممالک کا محل وقوع، موسم، آب و ہوا اور دیگر اہم معلومات کو کسی ایک جگہ اکٹھا کرنا ایک مشکل کام ہے۔ اسی لئے اُردو میں ایک اچھی اور جدید اٹلس کی ضرورت ہمیشہ سے محسوس ہوتی رہی ہے۔ تاکہ بچوں کو ان کے اپنے کرۂ ارض پر موجود مختلف براعظموں ، ان میں موجود ملکوں اور سمندروں وغیرہ کے بارے میں اہم اور جدید معلومات فراہم کی جاسکیں۔

اُمید ہے کہ یہ اٹلس بچوں کے تجسس کو جلا بخشنے کے ساتھ ساتھ تعلیم اور تفریح کا باعث ہوگی۔


DFID Department For International Development

نقوش

PMSP Punjab